دھلی اور پٹنہ سے ایک ساتھ شائع ہونے والا اردو روزنامہ
Published Simultaneously from Delhi and Patna
Daily HAMARA SAMAJ Delhi
روزنامہ ہمارا سماج دھلی
दैनिक हमारा समाज दिल्ली
19, Issue: 82
www.hamarasamajdaily.com
Saturday,06,December,2025(Rs.2

# ہماچل پردیش کی سنجولی مسجد میں عبادت میں رکاوٹ پیدا کرنے والوں پر کارروائی کیوں نہیں؟

نئی دہلی، 05 دسمبر، پریس ریلیز، ہمارا سماج: شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ نوجوانوں کی بہتر تربیت کی طرف توجہ کریں ان کو بری صحبت سے بچانے کے لیے ہر ممکن کوشش کریں۔ انہوں نے کہا کہ اسکولوں میں آج کل ششماہی امتحانات چل رہے ہیں طلبہ کو تیاری کرائیں تاکہ وہ کامیاب ہوسکیں۔ مفتی مکرم احمد نے ہماچل پردیش کی سنجولی مسجد میں عبادت میں رکاوٹ پیدا کرنے والوں پر کارروائی کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ مسجد قدیم عرصے سے آباد ہے یہاں کثیر تعداد میں نمازی عبادت کرتے تھے تو ریاستی حکومت شرپسند عناصر کی ہمت افزائی کیوں کر رہی ہے۔ ہماچل پردیش وقف بورڈ نے ضلع عدالت کے فیصلے کو



ہائی کورٹ میں چیلنج کیا ہے مفتی مکرم نے کہا کہ ہائی کورٹ نے اسٹے کر دیا ہے ریاستی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ امن قائم کرے اور عبادت میں شرپسند عناصر کو خلل ڈالنے سے روکے۔ مفتی مکرم نے حکومت اتر پردیش سے مسلم فیملی کو تحفظ فراہم کرنے کی اپیل کی بتایا جاتا ہے کہ میرٹھ کے تھاپر نگر علاقے میں ہندو اکثریتی محلہ میں ایک مسلم فیملی نے مکان خریدا جس پر کچھ فرقہ پرست تنظیموں نے احتجاج شروع کر دیا پولیس نے آکر مکان میں تالا ڈلوا دیا اور مسلم فیملی کو وہاں سے چلے جانے کو کہا جبکہ مکان کی خریداری قانونی طور پر کی گئی ہے۔ مسلم خریدار سعید احمد کی حالت خراب ہے انہیں بلڈ پریشر اور قلب کا عارضہ لاحق ہو گیا ہے اور وہ ہسپتال میں زیر علاج ہیں ان کی پردہ نشین بیوی در در بھٹکنے پر مجبور ہے، اگر ان کو یہاں سے نکالا جاتا ہے تو سر چھپانے کے لئے ان کے پاس کوئی جگہ نہیں ہے۔ مفتی مکرم نے اتر پردیش حکومت سے پرزور اپیل کی کہ اس مسلم خاندان کے ساتھ انصاف کیا جائے اور شر پھیلانے والوں پر کارروائی کی جائے۔ مفتی مکرم احمد نے کہا کہ غزہ میں صہیونی حکومت کی طرف سے وحشیانہ بمباری برابر جاری ہے جو قابل مذمت ہے یو این او اور عالمی برادری اسے بند کرائے۔

روزنامہ
اخبارِ مشرق
Published from Delhi •Kolkata •Ranchi •Bhopal •Lucknow •Srinagar •Asansol •Siliguri
AKHBAR-E-MASHRIQ
دہلی، ہفتہ، ۶ر دسمبر ۲۰۲۵ء، مطابق ۱۴ر جمادی الاخر ۱۴۴۷ھ

# سنجولی مسجد میں عبادت میں رکاوٹ پیدا کرنے والوں پر کاروائی کیوں نہیں؟

## میرٹھ کے تھاپر نگر علاقہ میں مسلم فیملی کو اتر پردیش حکومت تحفظ فراہم کرے

## فلسطینی تنازعہ کا دو ریاستی حل ہی خطے میں امن پیدا کر سکتا ہے: مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد

نئی دہلی، 5ردسمبر (پریس ریلیز) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ نوجوانوں کی بہتر تربیت کی طرف توجہ کریں ان کو بری صحبت سے بچانے کے لیے ہر ممکن کوشش کریں۔ انہوں نے کہا کہ اسکولوں میں آج کل ششماہی امتحانات چل رہے ہیں طلبہ کو تیاری کرائیں تا کہ وہ کامیاب ہو سکیں۔ مفتی مکرم احمد نے ہماچل پردیش کی سنجولی مسجد میں عبادت میں رکاوٹ پیدا کرنے والوں پر کارروائی کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ مسجد قدیم عرصے سے آباد ہے یہاں کثیر تعداد میں نمازی عبادت کرتے تھے تو ریاستی حکومت شر پسند عناصر کی ہمت افزائی کیوں کر رہی ہے۔ ہماچل پردیش وقف بورڈ نے ضلع عدالت کے فیصلے کو ہائی کورٹ میں چیلنج کیا ہے مفتی مکرم نے کہا کہ ہائی کورٹ نے اسٹے کر دیا ہے ریاستی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ امن قائم کرے اور عبادت میں شر پسند عناصر کو خلل ڈالنے سے روکے۔ مفتی مکرم نے حکومت اتر پردیش سے مسلم فیملی کو تحفظ فراہم کرنے کی اپیل کی بتایا جاتا ہے کہ میرٹھ کے تھاپر نگر علاقے میں ہندو اکثریتی محلہ میں ایک مسلم فیملی نے مکان خریدا جس پر کچھ فرقہ پرست تنظیموں نے احتجاج شروع کر دیا پولیس نے آکر مکان میں تالا ڈلوا دیا اور مسلم فیملی کو وہاں سے چلے جانے کو کہا جبکہ مکان کی خریداری قانونی طور پر کی گئی ہے۔ مسلم خریدار سعید احمد کی حالت خراب ہے انہیں بلڈ پریشر اور قلب کا عارضہ لاحق ہو گیا ہے اور وہ ہسپتال میں زیر علاج ہیں ان کی پردہ نشین بیوی در در بھٹکنے پر مجبور ہے، اگر ان کو یہاں سے نکالا جاتا ہے تو سر چھپانے کے لئے ان کے پاس کوئی جگہ نہیں ہے۔ مفتی مکرم نے اتر پردیش حکومت سے پرزور اپیل کی کہ اس مسلم خاندان کے ساتھ انصاف کیا جائے اور شر پھیلانے والوں پر کاروائی کی جائے۔ مفتی مکرم احمد نے کہا کہ غزہ میں صہیونی حکومت کی طرف سے وحشیانہ



بمباری برابر جاری ہے جو قابل مذمت ہے یو این او اور عالمی برادری اسے بند کرائے۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل نے اپنی حالیہ رپورٹ میں بتایا ہے کہ اسرائیل غزہ میں اپنی ظالمانہ پالیسیاں جاری رکھے ہوئے ہے جنگ بندی کے بعد اسرائیل نے 136 بچوں سمیت 374 فلسطینی شہید کیے، مفتی مکرم نے کہا کہ اسرائیل کو دو ریاستی حل پر آمادہ کیا جائے اور جنگ بندی کی خلاف ورزی پر ایکشن لیا جائے۔

ہفتہ، 06 دسمبر 2025
مطابق، 14 جمادی الثانی 1447ھ

اردو روزنامہ
# قومی بھارت
QAUMI BHARAT
سچ کے ساتھ

## ’’سنجولی مسجد میں عبادت میں رکاوٹ پیدا کرنے والوں پر کارروائی کیوں نہیں؟‘‘

### شاہی امام مفتی محمد مکرم نے کہا کہ میرٹھ کے تھاپر نگر علاقہ میں مسلم فیملی کو اتر پردیش حکومت تحفظ فراہم کرے

نئی دہلی (قومی بھارت) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ نوجوانوں کی بہتر تربیت کی طرف توجہ کریں ان کو بری صحبت سے بچانے کے لیے ہر ممکن کوشش کریں۔ انہوں نے کہا کہ اسکولوں میں آج کل ششماہی امتحانات چل رہے ہیں طلبہ کو تیاری کرائیں تاکہ وہ کامیاب ہو سکیں۔ مفتی مکرم احمد نے ہماچل پردیش کی سنجولی مسجد میں عبادت میں رکاوٹ پیدا کرنے والوں پر کارروائی کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ مسجد قدیم عرصے سے آباد ہے یہاں کثیر تعداد میں نمازی عبادت کرتے تھے تو ریاستی حکومت شر پسند عناصر کی ہمت افزائی کیوں کر رہی ہے۔ ہماچل پردیش وقف بورڈ نے ضلع عدالت کے فیصلے کو ہائی کورٹ میں چیلنج کیا ہے مفتی مکرم نے کہا کہ ہائی کورٹ نے اسٹے کر دیا ہے ریاستی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ امن قائم کرے اور عبادت میں شر پسند عناصر کو خلل ڈالنے سے روکے۔ مفتی مکرم نے حکومت اتر پردیش سے مسلم فیملی کو تحفظ فراہم کرنے کی اپیل کی بتایا جاتا ہے کہ میرٹھ کے تھاپر نگر علاقے میں ہندو اکثریتی محلہ میں ایک مسلم فیملی نے مکان خریدا جس پر کچھ فرقہ پرست تنظیموں نے احتجاج شروع کر دیا پولیس نے آ کر مکان میں تالا ڈلوا دیا اور مسلم فیملی کو وہاں سے چلے جانے کو کہا جبکہ مکان کی خریداری قانونی طور پر کی گئی ہے۔ مسلم خریدار سعید احمد کی حالت خراب ہے انہیں بلڈ پریشر اور قلب کا عارضہ لاحق ہو گیا ہے اور وہ ہسپتال میں زیر علاج ہیں ان کی پردہ نشین بیوی در در بھٹکنے پر مجبور ہے، اگر ان کو یہاں سے نکالا جاتا ہے تو سر چھپانے کے لئے ان کے پاس کوئی جگہ نہیں ہے۔ مفتی مکرم نے اتر پردیش حکومت سے پر زور اپیل کی کہ اس مسلم خاندان کے ساتھ انصاف کیا جائے اور شر پھیلانے والوں پر کارروائی کی جائے۔



#### غزہ میں صہیونی حکومت کی طرف سے وحشیانہ بمباری برابر جاری

”مفتی مکرم احمد نے کہا کہ غزہ میں صہیونی حکومت کی طرف سے وحشیانہ بمباری برابر جاری ہے جو قابل مذمت ہے یو این او اور عالمی برادری اسے بند کرائے۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل نے اپنی حالیہ رپورٹ میں بتایا ہے کہ اسرائیل غزہ میں اپنی ظالمانہ پالیسیاں جاری رکھے ہوئے ہے جنگ بندی کے بعد اسرائیل نے 136 بچوں سمیت 374 فلسطینی شہید کیے، مفتی مکرم نے کہا کہ اسرائیل کو دو ریاستی حل پر آمادہ کیا جائے اور جنگ بندی کی خلاف ورزی پر ایکشن لیا جائے“

انقلاب

THE INQUILAB

قوموں کی حیات ان کے تخیل پہ ہے موقوف (اقبالؔ)

ab.com | epaper.inquilab.com

ت: ۵ روپے، ۱۴ صفحات، نئی دہلی، ہفتہ، ۶ دسمبر ۲۰۲۵ء، ۱۴ جمادی الثانی ۱۴۴۷ھ، جلد نمبر ۱۳، شمارہ ۲۸۹

## عبادت گاہوں کا تحفظ اور مظلومین کی مدد وقت کا تقاضا: مفتی مکرم



مفتی محمد مکرم احمد

نئی دہلی (پریس ریلیز) شاہی امام مسجد فتح پوری مفتی محمد مکرم احمد نے جمعہ سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ نوجوانوں کی تربیت پر خصوصی توجہ دیں اور انہیں بری صحبت، غلط سرگرمیوں اور گمراہ کن رجحانات سے بچانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کریں۔ انہوں نے والدین کو تاکید کی کہ وہ اپنے بچوں کی پڑھائی، خاص طور پر موجودہ ششماہی امتحانات کی تیاری، میں بھرپور تعاون کریں تاکہ طلبہ کامیابی حاصل کرسکیں۔ مفتی مکرم احمد نے ہماچل پردیش کی سنجولی مسجد میں عبادت میں رکاوٹ پیدا کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ مسجد قدیم دور سے آباد ہے اور بڑی تعداد میں لوگ یہاں نماز ادا کرتے رہے ہیں، اس کے باوجود ریاستی حکومت خاموشی اختیار کررہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ہماچل پردیش وقف بورڈ نے ضلع عدالت کے خلاف فیصلہ ہائی کورٹ میں چیلنج کیا تھا جس پر عدالت نے اسٹے جاری کردیا ہے، اس لیے حکومت کی ذمہ داری ہے کہ امن وامان قائم رکھے اور عبادت میں خلل ڈالنے والوں کو روکے۔ مزید برآں، انہوں نے اتر پردیش کے میرٹھ میں ایک مسلم فیملی کو لاحق خطرات پر تشویش ظاہر کی۔ ان کے مطابق تھاپر نگر کے ہندو اکثریتی علاقے میں قانونی طور پر مکان خریدنے کے بعد فرقہ پرست عناصر نے احتجاج شروع کردیا، پولیس نے گھر پر تالا لگادیا اور خاندان کو وہاں سے جانے پر مجبور کیا۔ خریدار سعید احمد کی صحت بگڑ چکی ہے جبکہ ان کی اہلیہ دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔ مفتی مکرم نے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری انصاف فراہم کرے اور شرانگیزی پھیلانے والوں کو سزا دے۔ آخر میں انہوں نے غزہ پر اسرائیلی وحشیانہ بمباری کی شدید مذمت کی۔ انہوں نے عالمی برادری سے اپیل کی کہ اسرائیل کو دو ریاستی حل اور مستقل جنگ بندی پر مجبور کیا جائے۔

دہلی اور پٹنہ سے ایک ساتھ شائع ہونے والا روزنامہ
Hindustan Express
ہندوستان ایکسپریس
نئی دہلی، ہفتہ، 06 دسمبر، 2025، بمطابق، 14 جمادی الثانی، 1447ھ صفحات 8، قیمت: 2 روپے

# سنجولی مسجد میں عبادت میں رکاوٹ پیدا کرنے والوں پر کارروائی کیوں نہیں؟: مفتی مکرم



نئی دہلی (فرحان یحییٰ) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد صاحب نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ نوجوانوں کی بہتر تربیت کی طرف توجہ کریں ان کو بری صحبت سے بچانے کے لیے ہر ممکن کوشش کریں۔ انہوں نے کہا کہ اسکولوں میں آج کل ششماہی امتحانات چل رہے ہیں طلبہ کو تیاری کرائیں تاکہ وہ کامیاب ہو سکیں۔ مفتی مکرم احمد نے ہماچل پردیش کی سنجولی مسجد میں عبادت میں رکاوٹ پیدا کرنے والوں پر کارروائی کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ مسجد قدیم عرصے سے آباد ہے یہاں کثیر تعداد میں نمازی عبادت کرتے تھے تو ریاستی حکومت شرپسند عناصر کی ہمت افزائی کیوں کر رہی ہے۔ ہماچل پردیش وقف بورڈ نے ضلع عدالت کے فیصلے کو ہائی کورٹ میں چیلنج کیا ہے مفتی مکرم نے کہا کہ ہائی کورٹ نے اسٹے کر دیا ہے ریاستی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ امن قائم کرے اور عبادت میں شرپسند عناصر کو خلل ڈالنے سے روکے۔

مفتی مکرم نے حکومت اتر پردیش سے مسلم فیملی کو تحفظ فراہم کرنے کی اپیل کی بتایا جاتا ہے کہ میرٹھ کے تھاپر نگر علاقے میں ہندو اکثریتی محلہ میں ایک مسلم فیملی نے مکان خریدا جس پر کچھ فرقہ پرست تنظیموں نے احتجاج شروع کر دیا پولیس نے آکر مکان میں تالا ڈلوا دیا اور مسلم فیملی کو وہاں سے چلے جانے کو کہا جبکہ مکان کی خریداری قانونی طور پر کی گئی ہے۔ مسلم خریدار سعید احمد کی حالت خراب ہے انہیں بلڈ پریشر اور قلب کا عارضہ لاحق ہو گیا ہے اور وہ ہسپتال میں زیر علاج ہیں ان کی پردہ نشین بیوی در در بھٹکنے پر مجبور ہے، اگر ان کو یہاں سے نکالا جاتا ہے تو سر چھپانے کے لئے ان کے پاس کوئی جگہ نہیں ہے۔ مفتی مکرم نے اتر پردیش حکومت سے پرزور اپیل کی کہ اس مسلم خاندان کے ساتھ انصاف کیا جائے اور شر پھیلانے والوں پر کارروائی کی جائے۔ مفتی مکرم احمد نے کہا کہ غزہ میں صہیونی حکومت کی طرف سے وحشیانہ بمباری برابر جاری ہے جو قابل مذمت ہے یو این او اور عالمی برادری اسے بند کرائے۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل نے اپنی حالیہ رپورٹ میں بتایا ہے کہ اسرائیل غزہ میں اپنی ظالمانہ پالیسیاں جاری رکھے ہوئے ہے جنگ بندی کے بعد اسرائیل نے 136 بچوں سمیت 374 فلسطینی شہید کیے، مفتی مکرم نے کہا کہ اسرائیل کو دو ریاستی حل پر آمادہ کیا جائے اور جنگ بندی کی خلاف ورزی پر ایکشن لیا جائے۔